اراکینِ انجمن کے لئے

لُطف الرحمٰن خان

قرآن کالج

آئندہ سال داخلوں کے لیے مناسب تشہیر کی ضرورت!

ربِّ کریم کی رحمت اور اسی کی نصرت وہدایت کے طفیل قرآن کالج میں تعلیم وتعلّم کا سلسلہ تسلی بخش انداز میں جاری ہے۔ ہر حمد وستائش فقط ذاتِ باری تعالیٰ کو ہی زیب دیتی ہے اور ہم اسی کے حضور اپنا ہدیۂ تشکر پیش کرتے ہیں۔

گذشتہ دنوں انجمن کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے ساتھ ایک خصوصی نشست میں کالج کے تمام طلبہ نے اساتذہ کی کاوشوں اور کالج کے تعلیمی معیار پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ کچھ طلباء نے تاسف کے انداز میں شکایت کی کہ قرآن کالج کی مناسب تشہیر نہ ہونے کی وجہ سے بہت سے طلباء اس خیر سے محروم رہ گئے ہیں۔ انہوں نے محترم ڈاکٹر صاحب سے پرزور درخواست کی کہ آئندہ سال کے داخلہ کے لئے مناسب تشہیر کر کے قرآن کالج کو لوگوں سے پوری طرح متعارف کرایا جائے۔

اراکین کے علم میں یہ بات ہو گی کہ گذشتہ سال تمام اہم اخباروں کے کل پاکستان ایڈیشن میں متعدد بار قرآن کالج کے اشتہار دیئے گئے تھے اور اس ضمن میں انجمن نے اچھی خاصی رقم صرف کی تھی اور ظاہر ہے کہ انجمن کے محدود وسائل اس سے زیادہ اخباری تشہیر کی اجازت نہیں دے سکتے۔ تاہم دو مرتبہ تمام اخبارات میں اشتہار دے کر مناسب حد تک تشہیر کر دی گئی تھی۔ اس کے باوجود کالج کے تعارف کے سلسلہ میں تشنگی کا احساس ایک اہم حقیقت کی غمازی کر رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کالج میں داخلہ کی ابتداء اور اس کی آخری تاریخ کے اعلان کے لئے تو اخباری اشتہار مفید ہوتے ہیں لیکن ان کے ذریعے کالج کا بھرپور تعارف ممکن نہیں ہے۔ یہ کام تو نجی نشستوں میں انفرادی سطح پر ہی بطریقِ احسن انجام دیا جا سکتا ہے۔

یہی وہ کام ہے جس کے لئے تمام اراکین انجمن پر اہم ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ ضرورت ہے کہ ابھی سے ہم میں سے ہر شخص اپنی نجی نشستوں میں قرآن کالج کو مناسب انداز میں متعارف کرانا شروع کر دے اور لوگوں کو اس منصوبہ کی ضرورت و اہمیت کا احساس دلائے۔ ان کے سوالات کے جوابات دے اور شکوک و شبہات کو دور کرے۔ اس سلسلہ میں جس قدر معلومات درکار ہوں وہ بلا تکلف ہم سے طلب کریں۔ اگر کوئی تجویز ہو تو اس کے لئے ہم ممنون ہوں گے

اسی سلسلہ میں ہم اراکین کے علم میں یہ بات لانا چاہتے ہیں کہ قرآن کالج میں طلبہ کے ماہانہ ٹسٹ اور ماہانہ جائزے کا ایک بہت عمدہ نظام اپنایا گیا ہے۔ ماہانہ جائزہ کی ایک کاپی طلباء کے والدین کو براہِ راست بھیج دی جاتی ہے اور دوسری کاپی طلبہ کو دے دی جاتی ہے۔ ماہِ نومبر کے جائزوں کے جواب میں کچھ والدین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور اس طریقِ کار کو بہت سراہا ہے۔ ایک طالب علم کے والد کے تاثرات بطور نمونہ ہم اراکین کی معلومات کے لئے شائع کر رہے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ انجمن کا ہر رکن قرآن کالج کے تعارف میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا تاکہ آئندہ تعلیمی سال کے داخلہ کے وقت زیادہ سے زیادہ طلباء اس کالج سے مستفید ہو سکیں۔

السعی منّا والاتمام من اللّٰہ

جناب انچارج قرآن کالج۔ السّلام علیکم!

یادآوری کا شکریہ۔ سید ایوب احمد، طالب علم بی۔اے (سال اوّل) کی جائزہ رپورٹ برائے ماہِ نومبر گذشتہ ہفتہ موصول ہوئی۔ اس ماہانہ جائزہ کے مندرجات سے آپ کے ادارہ اور اساتذہ کی کاوشوں کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کی اور ان تمام مقتدر حضرات کی جنہوں نے اس ادارہ کو پروان چڑھایا ہے آرزوؤں اور امنگوں کی تکمیل فرمائے اور تمام طلباء کو اپنی آئندہ زندگی میں اس ادارہ کا نام روشن کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

آپ کا خادم
سید محمد مختار علی کراچی۔